## حق پرست عوام، شہاب الدین اور عبداللہ کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔2، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے فنانس سیکریٹری صلاح الدین کے والد شہاب الدین اور ایم کیوایم بدین زون کڈھن یونٹ کے انچارج عزیزالرحمان کے صاحبزادے عبداللہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ شہاب الدین اور عبداللہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعا کریں۔

## کامران آرائیں کے قاتلوں کوگرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔2، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈکیتی کی واردات کے دوران ایم کیوایم لیاری سیکٹریونٹ 29 کے کارکن کامران آرائیں کےقتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اورمشیر داخلہ وسیم اختر سے مطالبہ کیا کہ کامران آرائیں کے قاتلوں کوگرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مقتول کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام گڈاپ ٹاؤن، بن قاسم، بلدیہ ٹاؤن اور ابراہیم حیدری میں مزید طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد

کراچی۔۔۔02/جولائی 2007ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کےتحت بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض کی روک تھام اورمتاثرین کوطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے مفت امدادی کیمپوں کا انعقاد کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں گزشتہ روز گڈاپ ٹاؤن میں ایک طبی کیمپ قائم کیا گیا جہاں متاثرین کوعلاج ومعالجے کی تمام ترسہولیات فراہم کی گئی۔تفصیلات کے مطابق اتورکے روزمتحدہ قومی موومنٹ کےفلاحی ادارے خدمت خلق فانڈیشن اور پی پی اوسی کے زیراہتمام گڈاپ ٹاؤن کے علاقے جمالی گوٹھ یوسی 4 میں ایک بڑا طبی کیمپ لگایا گیا۔طبی کیمپوں میں مختلف امراض کے ماہرڈاکٹروں نے تقریباً 1500 سو سے زائد مریضوں کاتفصیلی معائنہ کیا اورانہیں بھاری مالیت کی ادویات فراہم کیں۔قبل ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، پی پی اوسی کے انچارج سرداراحمد اور جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کےطبی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اورمتاثرین کوفراہم کی جانے والی علاج ومعالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔اسی طرح ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیراہتمام بھی طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایک اورکیمپ بن قاسم سیکٹر میں قائم کردیا گیا ہے۔جہاں پہلے روز 600 افرادکوعلاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئی۔دریں اثناء وزیراعلیٰ سندھ کے مشیرحامدعابدی اورایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان نے بن قاسم سیکٹر میں قائم کیے گئےطبی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اوردکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کوخراج تحسین پیش کیا۔اسی طرح مشیرخزانہ سندھ ایم اے جلیل نے ابراہیم حیدری کے علاقے اکبرشاہ گوٹھ میں قائم ایم کیوایم کےطبی کیمپوں کا دورہ کیا اورمتاثرین کوفراہم کی جانے وای طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کوطبی امدادکی فراہمی کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے بلدیہ ٹاؤن کے علاقے سجن گوٹھ اورابراہیم حیدری میں بھی طبی امدادی کیمپ قائم کیا جاچکا ہے جہاں 800 سے زائدافرادکوعلاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔صوبائی مشیرخزانہ ایم اے جلیل اور بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست ناظم کامران اختر نے طبی امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اورمتاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہارکیا۔اس موقع پراس موقع پرایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی اورایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## لیاقت آباد، گڈاپ اورابراہیم حیدری میں ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں

## شعیب بخاری،عبدالوسیم،ایم اے جلیل،حامد عابدی اوردیگر کا بارش اورسیلاب سے متاثرہ علاقوں اورمیڈیکل کیمپ کا دورہ

کراچی۔۔۔02جولائی2007ء

کراچی کے مختلف علاقوں میں طوفانی بارشوں اورسیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے طبی اورامدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے ۔ اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورحق پرست صوبائی وزیرسیدشعیب بخاری نے اتوارکے روزلیاقت آبادکے علاقے بی ایریا گراؤنڈ میں قائم ریلیف کیمپ کا دورہ کیااورلیاری ندی کے متاثرین میں غذائی اجناس اورکھانا تقسیم کیا۔جبکہ ایم کیوایم کے کارکنوں نے لیاری ندی میں طغیانی کے باعث ندی کے گردونواح میں رہائش پذیرخاندانوں کولیاقت آبادبی ایریامیں قائم کیے گئے عارضی ریلیف کیمپ منتقل کردیاہے جہاں انہیں کھانے پینے اشیاء کے ساتھ تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔اس موق پرانہوں نے متاثرین سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے اورمتاثرین کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے اپنی بساط کے مطابق عملی کرداراداکررہی ہے ۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے گڈاپ ٹاؤن کے علاقے خدا کی بستی میں سیلابی پانی سے متاثرہ خاندانوں کوغذائی اجناس فراہم کی گئیں۔اس سلسلے میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم نے اتوارکی صبح گڈاپ کے علاقے خدا کی بستی کا ہنگامی دورہ کیااورمتاثرین سے ملاقات کرکے ان میں غذائی اجناس تقسیم کیں۔اس موقع پرگڈاپ ٹاؤن کے ناظمین ،متعلقہ اداروں کے افسران اورایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔قبل ازیں انہوں نے سیلابی ریلے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوارلواحقین سے ملاقات کی اوران سے دلی ہمدردی کا اظہارکیا۔وہ کچھ دیرتک سوگوارلواحقین کے ساتھ رہےاورانہوں نے جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اسی طرح حق پرست صوبائی مشیران ایم اے جلیل،حامدعابدی اورکراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ نے بن قاسم ابراہیم حیدری کے علاقے علی اکبرشاہ گوٹھ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے طبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیااورعوام کوعلاج معالجے کی طبّی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔طبّی کیمپ پر600سے زائدافرادکا مکمل چیک اپ کیا گیاجن میں خواتین، بچے اور بزرگ شامل ہیں جبکہ 900 سے زائدمریضوں کولاکھوں روپے بھاری مالیت کی قیمتی ادوایات فراہم کی گئیں۔اس موقع پرایم اے جلیل اورحامدعابدی نے متاثرین سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کی روشنی میں حق پرست نمائندے پریشان حال عوام کی دلجوئی کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں اوران کے مسائل کےحل کیلئے عملاً کوشاں ہیں۔

## صوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمد کاایم ڈی، کےای ایس سی کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

کراچی۔۔۔02جولائی2007ء

صوبائی وزیرموحولیات ومتبادل توانائی ڈاکٹرصغیراحمد نےحق پرست اراکین اسمبلی پرمشتمل خصوصی کمیٹی کے اراکین ،کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے اعلیٰ حکام کے ہمراہ بجلی کی عدم فراہمی کی شکایت کے ازالے کیلئے لیاقت آباد،فیڈرل بی ایریااورگلشن اقبال کا تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پرکے ای ایس سی کے اعلیٰ افسران نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے لیاقت آبادکے علاقوں کی بجلی فوری طور پر بحال کردی۔صوبائی وزیر نے فیڈرل بی ایریا بلاک13 کریم آباداورحسین آباد کے درمیان 11000ہزارواٹ بجلی کے تاروں کےٹوٹنے کی شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے موقع پرموجود کے ای ایس سی کے حکام کو ہدایت جاری کی اور بروقت کوششوں سے علاقے کی بجلی بحال کروائی۔بعدازاں صوبائی وزیراورخصوصی کمیٹی کے اراکین کے ای ایس سی کے ایم ڈی اوراعلیٰ حکام کے ہمراہ عوامی شکایت پرسنی ویومیٹروول ابوالحسن اصفحانی روڈ پہنچے جہاں برسات کا پانی جمع ہوجانے کی وجہ سے دوروز سے بجلی منقطع تھی اورعلاقہ مکینوں کی جانب سے متعددشکایات کے باوجود کوئی توجہ نہیں دی جارہی تھی۔اس موقع پرحق پرست عوامی نمائندوں نے اپنی نگرانی میں پانی کی نکاسی کے انتظامات کروائے اورعلاقے کی بجلی بحال کروائی۔اس موقع پرعلاقے عوام نے حق پرست قیادت کاشکریہ ادا کیااوران کی کوششوں کی تعریف کی۔اس موقع پرحق پرست ارکان اسمبلی عباس جعفری، خالد بن ولایت، ادلیس صدیقی، سیدشاکرعلی، مشیراطلاعات حامدعابدی، کےای ایس سی کے ایم ڈی ریٹائرڈ جنرل امجد، عدنان بشیر، طارق نور، گلشن اقبال کے ٹاؤن ناظم واسع جلیل اورگلبرگ ٹاؤن کے نائب ٹاؤن ناظم سہیل زیدی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی وحیدرآباد میں ریلیف مانیٹرنگ سیل قائم کردیا گیا

## مخیّر حضرات متاثرہ عوام کی مدد کیلئے اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ریلیف مانیٹرنگ سیل میں جمع کرائیں

کراچی۔۔۔02/جولائی2007ء

کراچی سمیت سندھ بھر میں شدید طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلے سے ہونیوالی تباہی اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ہنگامی اجلاس اتوار کی شب رابطہ کمیٹی کے آفس خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی کے اراکین، کراچی تنظیمی کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کراچی مضافاتی کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، میڈیکل ایڈ کمیٹی، اے پی ایم ایس او، کے کے ایف اور دیگر شعبوں کے ذمہ داران کارکنان نے شرکت کی۔ اجلاس میں کراچی سمیت سندھ بھر میں قدرتی آفات بارشوں، سیلابی ریلوں اور طوفانی ہواؤں سے ہونے والی تباہی اوراس کے نتیجے میں متاثرہ عوام کو ریلیف، طبّی سہولیات اور امداد کی فوری فراہمی کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کراچی سمیت سندھ بھر میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ عوام کو ریلیف پہنچانے کیلئے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 14 اور حیدرآباد میں ریلوے اسٹیشن روڈ پر واقع خدمت خلق فاؤنڈیشن میں قائم ریلیف مانیٹرنگ سیل خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین کی زیرنگرانی کام کریں گے۔ اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف کو ریلیف مانیٹرنگ سیل کا انچارج مقرر کیا گیا ہے۔ کمیٹی کے دیگر اراکین میں فاروق سلیم، قادر بلوچ، سردار احمد، فرید تاجک، نیر اقبال، سیف یار خان، محمد اسرائیل، زبیر، شبیر، منور، سلیم انصاری اور شاہد جیلانی شامل ہونگے۔ اسی طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے مانیٹرنگ سیل میں سلیم تاجک، لونگ خان چنہ، خورشید علی، محمد عمران، سراج راجپوت، صلاح الدین، نعیم اشتیاق اور افضال شاہ شامل ہونگے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ یہ ریلیف مانیٹرنگ سیل بارشوں، سیلاب اور طوفانی ہواؤں سے متاثرہ عوام کو بروقت امداد کی فراہمی، غذائی اجناس کی تقسیم اور طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے گا اور مانیٹرنگ سیل کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 24 گھنٹے خدمات انجام دے گا۔ دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ انسانی ہمدردی کے جذبے تحت بارشوں، سیلاب اور طوفانی ہواؤں سے متاثرہ عوام کی ہرممکن مدد کرنے کیلئے دل کھل کر اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ریلیف مانیٹرنگ سیل میں جمع کرائیں اور دکھی انسانیت کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں۔

☆☆☆☆☆